پریس ریلیز

مورخہ 29 اگست 2024

پراسیکیوٹر جنرل آفس پنجاب کی تاریخ میں نیا دور۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے دور حاضر کی ضروریات کے مد نظر جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے تمام افسران اور اہلکاران کی اصالتاً سماعت / پرسنل ہیئرنگز، بذریعہ ویڈیو لنک کرنے کا آغاز کر دیا۔ آئندہ تمام افسران و اہلکاران جن کے خلاف کوئی شکایت یا انکوائری زیر سماعت ہو گی ان کی اصالتاً سماعت ویڈیو لنک کے ذریعے کی جائے گی۔ اس سے قبل انکوائری میں اصالتاً سماعت کے لئے افسران و اہلکاران کو ذاتی حیثیت میں پراسیکیوٹر جنرل آفس پنجاب میں پیش ہونا ہوتا تھا جس سے محکمانہ کام میں خلل، افسران اور اہلکاران کو سفری دشواریاں اور اس کے ساتھ ساتھ قومی خزانہ پر بھی ٹی اے ڈی اے کی مد میں بھاری بوجھ پڑتا تھا ۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے وژن اور اس احسن اقدام سے یہ تمام مسائل حل ہو جائینگے۔ محکمہ پراسیکیوشن کے افسران و اہلکاران نے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے اس اقدام کو خوش آئیند قرار دیا اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے محکمہ پراسیکیوشن کے افسران و اہلکاران کے لیے سہولیات فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

(انچارج میڈیا سیل)